2022 جولائی	B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر	II Semester دوسرا سمسٹر

پرچہ : طبیعیاتی سائنس کی تدریس - II

Paper : B9ED214DST : Pedagogy of Physical Sciences - II

3 Hrs : گھنٹے : وقت : Time — Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

i- قومی یوم سائنس کب منایا جاتا ہے؟

(A) 28 فروری (B) 26 فروری (C) 24 فروری (D) 22 فروری

ii- سائنس کلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتے ہیں۔

(A) سائنسی رویہ میں فروغ کے لیے (B) تفریح کے لیے

(C) خالی اوقات کا عمدہ استعمال کرنے کے لیے (D) A اور C

iii- سائنس میں Assessment as Learning کا مفہوم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(A) Periodic Assessment (B) Formative Assessment

(C) Self Assessment (D) Diagnostic Assessment

iv- درج ذیل میں کون سے Curriculum Accessories ہے؟

(A) ورک بک (B) ٹکسٹ بک (C) جرنلس (D) درج بالا سبھی

v- NCF-2005 کس ادارے کے ذریعے شائع کیا گیا؟

(A) NCTE (B) NCERT (C) SCERT (D) UGC

vi- Assessment for Learning کا تعلق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(A) تدریس سے پہلے (B) تدریس کے دوران (C) تدریس کے بعد (D) درج بالا کوئی نہیں

P.T.O.

-vii طبعیاتی سائنس کے تعلق سے مندرجہ ذیل میں کون سا قول صحیح نہیں ہے؟

(A) سائنس ایک عمل ہے۔ (B) سائنس ایک نتیجہ ہے۔

(C) سائنس شک وشبہات میں اضافہ کرتا ہے۔ (D) سائنس کی نوعیت ساکت ہے۔

-viii قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے لیے تشکیل کی گئی کمیٹی کے صدر کون تھے؟

(A) کے۔کستوری رنگن (B) پروفیسر کٹی منی (C) رام شنکر (D) مظہر آصف

-ix وٹامن ڈی کی کمی سے ہونے والا مرض۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(A) بیری بیری (B) ریکیٹس (C) رتوندھی (D) اسکروی

-x ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ای۔ریسورس میں شامل ہیں۔

(A) درسی کتابیں (B) ورک بُکس (C) بلاگس (D) بلیک بورڈ

حصہ دوم

-2 نصاب کا مفہوم واضح کیجیے۔

-3 معاون نصابی وسائل کی افادیت بیان کیجیے۔

-4 طبیعیاتی سائنس میں تجربہ گاہ کی اہمیت سمجھائیے۔

-5 اساتذہ کے لیے انعکاس کی ضرورت واضح کیجیے۔

-6 سائنس میوزیم پر مختصر نوٹ لکھیے۔

-7 طلبا میں سائنسی مزاج کا فروغ کرنے کے لیے معلم کے ذریعے استعمال کی جانے والی تراکیب بیان کیجیے۔

-8 'معلم بطور محقق' واضح کیجیے۔

-9 تعین قدر کا مفہوم اور ضرورت بیان کیجیے۔

حصہ سوم

-10 'ایڈگر ڈیل کے اکتسابی تجربات کا مخروط' کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

-11 NCF-2005 اور NCFTE-2009 میں سائنس کے اساتذہ کے لیے کیا سفارشات پیش کی گئی ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

-12 پیشہ وارانہ نشو ونما سے کیا مراد ہے؟ کن پروگراموں کے ذریعے ان کا فروغ کیا جاتا ہے؟ تحریر کیجیے۔

-13 آموزشی اشاریے (Learning Indicators) سے آپ کیا سمجھتے ہیں ان کی مختلف اقسام کی تفصیلی وضاحت کیجیے۔

-14 سائنس کی تشہیر میں سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کا کردار بیان کیجیے۔

☆☆☆